سوال

(318)حاملہ کی طلاق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

کیا حاملہ بیوی کو طلاق دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حاملہ عورت کو طلاق دینے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ عبداللہ بن عمرؓ نے جب اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دے دی تھی تو نبی اکرمؐ نے ان سے فرمایا تھا کہ رجوع کرلو پھر اسے روکے رکھو حتیٰ کہ پاک ہوجائے' پھر اسے حیض آئے اور پھر پاک ہوجائے تو اب اگر چاہو تو مقاربت سے پہلے اسے حالت طہارت میں یا حالت حمل میں طلاق دے دو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الطلاق : جلد 3 صفحہ 301

محدث فتویٰ